ایڈمنٹن کیتھولِک اِسکول

طلبا کا اِسکول میں داخلہ (رجسٹریشن)فارم کے بارے میں معلومات؛۔

والدین کو چاہئے کہ وہ طلبا کو اِسکول میں نام درج کرانے کیلئے رجسٹریشن فارم پُرکریں ۔یہ فارم اِسکول سے مِل سکتا ہےیا پھر ڈسٹرکٹ ویب سائٹ پر جاکر یہ فارم پرنٹ کرسکتے ہیں۔فارم کو مُکمّل پُرکریں اور بچے کے نام کا ثبوت ۔ تاریخ پیدائش اور شہریت کا سرٹیفیکٹ کےساتھ اِسکول لے جائیں ۔ ثبوت کے طور پر مندرجہ ذیل دستاویز قابلِ قبول ہیں۔ ۱۔ بپتسمہ Baptism سرٹیفیکٹ ۲۔ پیدائش سرٹیفیک ۳ ۔ کورٹ کا حکمنامہ ۴۔ کینڈا کی شہریت ۵۔ پاسپورٹ ۶۔ بل یا دستاویز رہائش کا پتہ درج ہو

اگرآپ اِنٹرنیشنل طالب علم کے والدین ہیں یا کنیڈا میں نئےآئے ہیں تو آپ

Phone No (780) 944-2001 12050 - 95 A Street,- One world - One Centre کے وب سائٹ سے رابطہ کریں۔

رجسٹریشن کے بارے میں سوال ؛۔

اگر رجسٹریشن فارم کے بارے میں کوئی مشکل یا سوال ہے تو آپ نزدیکی ایڈمنٹن کیتھولک اِسکول سے 6000-441 (780) یا info@ecsd.net پر معلومات کرسکتے ہیں۔

طلبا کے بارے میں ذاتی معلومات کا حصول اور اِستعمال ؛۔

ذاتی معلومات جو رجسٹریشن فارم میں درج ہیں یا دیگر ذاتی معلومات جووقتاً فوقتاً حاصل کی گئی ہیں۔طالب علم کی رجسٹریشن یا تعلیمی ضروریات کیلئے محفوظ رکھی جائینگی۔ کچھ ذاتی معلومات البرٹا ایجوکیشن کو انکی ہدایات یا ضرورت کے مطابق دی جاسکتی ہیں۔ یہ معلومات البرٹا اِسکول ایکٹ اور البرٹا آزادی معلومات اور ذاتیاتی تحفظ ایکٹ کی مشق C33 کے تحت اکٹھا کی جاتی ہیں۔اسی ایکٹ کے تحت ایڈمنٹن کیتھولِک اِسکول اپنی خدمات اور پروگرام مہیا کرتا ہے۔ اگر آپ کو اِس بارے میں کچھ تشویش ہے تو اپنے بچے کے اِسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔طلبا کے والدین یا سرپرست کو چاہئے کہ وہ رجسٹریشن فارم کے صفحہ ۴ کوپڑھیں اور مندرجہ ذیل دستاویز پر اپنی رضا کا اِظہار کریں۔

طلبا کی سہولتوں کا ذمہ دارانہ اِستعمال:۔

یہ دستاویز تمام ذمہ داریوں کو بیاں کرتی ہے جو طلبا کو معلوماتی ذرائع مثلاً کمپوٹر ۔اِنٹرنٹ اورئی میل (e.mail) پر عائد ہوتی ہیں۔

ذاتی معلومات کا اِستعمال اور انکا اِنکشاف :۔

یہ دستاویز بیان کرتی ہے کہ کب اور کیسے اِسکول ڈسٹرکٹ کا عملہ طالب علم کی ذاتی معلومات جمع اور افشا کرسکتا ہے۔

ڈسٹرکٹ عوامی وب سائٹ کی حدود :۔

یہ دستاویز بیان کرتی ہے کہ کب اور کونسی ذاتی معلومات ڈسٹرکٹ وب سائٹ پر شائع کی جاسکتی ہیں ۔ طلبا کے رجسٹریشن فارم کے صفحہ ۴ پر ایک مشق ذرائع ابلاغ میں شمولیت کے متعلق ہے۔اِس مشق کو غور سے پڑھیں اور جس جگہ اِتفاق ہے وہاں نشان لگادیں۔

صفحہ چار کے اخر میں ایڈمنٹن کیتھولک اسکول آپ سے اجازت چاہتا ہے کہ کیا وہ ای میل کے ذریعہ آپ اطلاعات دیتا رہے۔ ان اطلاعات میں ہر طرح کے تعلقات عامہ جن میں فیلڈ ٹرپ۔ لنچ پروگرام ۔ سالانہ فوٹو بک یا اسیطرح کے پروگرام کی اطلاعات دی جاسکتی ہیں ۔ آپ کی اجازت کے بغیر اس طرح کی اطلاعات ہم ای میل کے ذریعہ نہیں بھیج سکتے۔ اگر آپ ای میل کی اجازت نہیں دیتےتو اس صورت میں صرف اسکول میں حاضری اور ہنگامی صورت حال کی اطلاع دی جائیگی۔